| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چودھواں ہفتہ) | موضوع: | رنگوں کے نام | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ رنگوں کے نام پہچان سکیں ۔ رنگوں کے ناموں کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو میرا، میری، میرے، اپنا، اپنی اور اپنے کے فلیش کارڈ دکھا کر پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم رنگوں کے نام سیکھیں گے۔ بچوں کو نیلا کریوں دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا رنگ ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ نیلا رنگ ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ جانتے ہیں کہ آسمان کا رنگ کیا ہے؟ تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر لگا کر نیلا کے توڑ بتائے جائیں گے۔ نیلا لکھنا بتایا جائے گا۔ | 10منٹ | نیلا لفظ فلیش کارڈ | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔ نیلا، پینٹ کلر اور برش دے کر ورک شیٹ میں موجود تصاویر میں نیلا رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچے کاپی پر نیلا کی لکھائی کریں گے اور اپنی مرضی کی تصویر بنا کر اُس میں نیلا رنگ بھریں گے۔ | 20منٹ | پینٹ کلر اور برش ورک شیٹ | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے تختہ سفید/ سیاہ پر نیلا کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چودھواں ہفتہ) | موضوع: | رنگوں کے نام | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پیش کی آواز کی پہچان ، ادائیگی کر سکیں۔ الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو نیلی پنسل دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا رنگ ہے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ کل ہم نے نیلا رنگ کے بارے میں پڑھا تھا آج ہم پیلا رنگ کے بارے میں جانیں گے۔ پیلا رنگ کو انگریزی میں Yellow کہتے ہیں۔ بچوں کو آم کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا یہ کون سا پھل ہے؟ آم کا رنگ پوچھا جائے گا۔ تختہ سفید/ سیاہ پر پیلا لکھنا بتایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ نیلا اور پیلا میں ابتدائی حرف مختلف ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>جماعت کو دو گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ایک گروپ کو نیلے رنگ کے غبارے اور ایک کو پیلے رنگ کے غبارے اور ایک کو پیلے رنگ کے غبارے پھولانے کے لیے دیے جائیں گے۔ ہر گروپ سے باری باری نیلا اور پیلا کے توڑ پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر پیلا کی لکھائی کرنے اور چوزہ میں پیلا کریون کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں پیلا کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر نیلا اور پیلا کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | آم کا فلیش کارڈ<br>نیلے اور پیلے غبارے کاپی<br>ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چودھواں ہفتہ) | موضوع: | رنگوں کے نام | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پیش کی آواز کی پہچان ، ادائیگی کرسکیں۔ الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو نیلا اور پیلا الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو سبز، سرخ اور کالا کریون دکھا کر رنگوں کے نام بتائے جائیں گے۔ الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان رنگوں کے ناموں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے ان کا پسندیدہ رنگ کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ پتا کا رنگ کیا ہوتا ہے؟ سٹرابری کا رنگ کیا ہے؟ جب رات ہوجاتی ہے تو آسمان کا رنگ کیا ہوتا ہے؟<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو نیلا، پیلا، سرخ کالا اور سبز رنگ کے رنگین پیپرز دیے جائیں گے۔ فی بچہ ایک رنگ بچوں کو بتایے کہ آپ ان میں سے ایک رنگ کا نام بولیں گی جس کے پاس وہ رنگ ہے وہ بچے کھڑے ہوں گے، چھلانگ لگائیں گے اور بیٹھ جائیں گے آہستہ آہستہ شروع کریں اور پھر جلدی جلدی رنگوں کے نام بولیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 81 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ رنگوں کے ناموں کی لکھائی کرنے اور تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر رنگوں کے ناموں کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | رنگوں کے فلیش کارڈ<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>رنگین پیپرز<br>چھوٹے کٹے ہوئے<br>کتاب صفحہ 81 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چودھواں ہفتہ) | موضوع: | رنگوں کے نام | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ پیش کی آواز کی پہچان ، ادائیگی کر سکیں۔ الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>نیلا، پیلا، سرخ، سبز اور کالا کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>تعارف:<br>بچوں کو گلابی، جامنی اور خاکی رنگین پنسلیں دکھا کر رنگوں کے نام بتائے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کس کس کا پسندیدہ رنگ گلابی ہے۔ بچوں کو بینگن کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ بچوں کو بتائیے کہ یہ بینگن ہے اس کا رنگ جامنی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ اگر ہم نیلا اور سرخ رنگ کو ملائیں تو جامنی رنگ بنتا ہے بچوں کو تختہ سفید/ سیاہ پر گلابی، جامنی اور خاکی کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>کمرہ جماعت میں سرخ، نیلا، پیلا، سبز، کالا، جامنی اور گلابی رنگ کے پیپرز چسپاں کیے جائیں گے۔ بچوں سے باری باری بتائے گئے رنگ کو جا کر چھونے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 85 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے دیے گئے رنگوں کے ناموں کے توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>اختتامیہ: بچوں سے ہوا میں گلابی، جامنی اور خاکی کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی پر سبز، سرخ اور کالا رنگ کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | بینگن کا فلیش کارڈ<br>رنگین کاغذ<br>کتاب صفحہ 85 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چودھواں ہفتہ) | موضوع: | رنگوں کے نام | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ پیش کی آواز کی پہچان ، ادائیگی کر سکیں۔ الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تمام رنگوں کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم تمام رنگوں کو پھر سے دہرائی کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ اگر دنیا میں رنگ نہ ہوتے تو کیسا لگتا؟<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے ساری دنیا کو بہت خوبصورت اور رنگین بنایا ہے۔ پھولوں، پرندوں کو مختلف رنگ دیے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ایریا میں لے جا کر ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ معلمہ زمین پر سرخ، سبز، نیلا، پیلا، کالا، جامنی، خاکی اور گلابی لکھا جائے گا۔ معلمہ جو نام لے گی۔ بچہ/ بچی اُس پر چھلانگ لگائے گا/ گی۔<br>کتاب صفحہ 84 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تصویر کے بارے میں بات کی جائے گی۔ بچوں کو اپنی مرضی کے رنگ تصویر میں بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو باری باری تختہ سفید/ سیاہ پر بلا کر رنگوں کے نام لکھوائے جائیں گے۔ | | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |